Sixth Round Table of ASEAN-India Network of Think Tanks

August 21, 2020

آسیان – ہندوستان تھنک ٹینکس کے نیٹ ورک کا چھٹا راؤنڈ ٹیبل

21 اگست، 2020

بھارتی وزارت خارجہ نے تھائی لینڈ کی وزارت خارجہ کے ساتھ شراکت میں 20-21 اگست 2020 کو ویڈیو کانفرنس کے ذریعے آسیان- انڈیا نیٹ ورک آف تھنک ٹینکس (AINTT) کے 6 ویں گول میز اجلاس کا انعقاد کیا۔ ترقیاتی ممالک کے لئے ریسرچ اینڈ انفارمیشن سسٹم (آر آئی ایس) میں قائم آسیان - ہندوستان سنٹر (AIC) اور چولا لونگ کورن یونیورسٹی بنکاک میں قائم آسیان اسٹڈیز سنٹر (اے ایس سی) نے مشترکہ طور پر گول میز اجلاس کو آرگنائز کیا۔ اس گول میز اجلاس کا موضوع تھا 'آسیان - ہندوستان: پوسٹ کووڈ دور میں شراکت کو مضبوط بنانا'۔

2۔ گول میز کا افتتاح 20 اگست 2020 کو وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر اور تھائی لینڈ کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ جناب ڈان پرمود ونائی نے مشترکہ طور پر کیا۔ افتتاحی اجلاس سے آسیان کے جنرل سکریٹری جناب لیم جوک ہوئی نے بھی خطاب کیا۔ اس سیشن میں آسیان کے دس ممبر ممالک کے ایس او ایم قائدین / ان کے نمائندے بھی موجود تھے۔

3۔ دو دن پر مشتمل راؤنڈ ٹیبل کے پانچ موضوعاتی سیشنز تھے جن کے عناوین درج ذیل ہیں: عالمی نظام کا بدلتا ہوا منظرنامہ اور کووڈ - 19 کے بعد کے دور میں آسیان ہند تعلقات، ابھرتی ہوئی ویلو چینز: کووڈ 19 کے بعد کے دور میں آسیان اور ہندوستان کے لئے مواقع، نیو نارمل اور آسیان - ہندوستان شراکت داری اور مستقبل کے تعاون سے متعلق چوتھے صنعتی انقلاب کی اہمیت؛ انڈو پیسیفک کے حوالے سے آسیان آؤٹ لک (AOIP) اور انڈو پیسیفک اوشن انیشیٹو (IPOI) : تکمیلات اور تعاون اور آگے بڑھنے کا راستہ۔ ہر سیشن میں ہندوستان اور آسیان دونوں ممالک کے ممتاز تھنک ٹینکس، یونیورسٹیوں اور انسٹی ٹیوٹ کے 4-5 پینلسٹ نے تحقیقی مقالے پیش کئے۔ اس کے بعد سوال و جواب کے سیشن کا انعقاد کیا گیا۔

4۔ گول میز میں اکیڈمک، انڈسٹری، حکومت اور سفارتی برادری کے 400 سے زیادہ افراد شریک ہوئے۔

5۔ تھنک ٹینکس، پالیسی سازوں، اسکالرز، میڈیا اور کاروباری نمائندوں پر مشتمل آسیان - ہندوستان گول میز کی تشکیل 2009 میں تھائی لینڈ میں منعقد ہونے والی 7 ویں آسیان - ہندوستان سمٹ کے دوران ہوئی تھی تاکہ حکومتوں کو مستقبل کے تعاون کے لئے پالیسی انپٹس فراہم کیا جاسکے۔ یہ فورم ایک اعلی معیار کے تحقیقی پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتا ہے، اور آسیان - بھارت اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید تقویت دینے کے لئے طویل مدتی نظریہ پیش کرتا ہے۔

نئی دہلی

21 اگست، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.